ٹرک چوری کر کباڑ میں فروخت کرنے والے گروہ کا پردہ فاش

ماسٹر مائنڈ ستندر کو چھتیس گڑھ سے ٹرانزٹ ریمانڈ پر لے کر پولیس مظفرپور پہنچی

مظفرپور (ایس این بی)

مظفرپور میں ٹرک چوری کر کباڑ میں فروخت کرنے والے گروہ کا پردہ فاش ہوا ہے۔ پولیس نے نصف درجن شاطر جرائم پیشوں کو گرفتار کیا ہے۔ چوری کیا گیا ٹرک بھی برآمد کیا ہے۔ گروہ کے دیگر جرائم پیشوں کی گرفتاری کیلئے پولیس آگے کی کارروائی میں سرگرم ہے۔ کئی ضلعوں میں ٹرک چوری کرنے کے بعد ٹرک کا پورا ہلیا بدل کر فروخت کرتا تھا۔ پورے معاملے کو لے کر ڈی ایس پی ویسٹ ابھیشیک آنند نے میڈیا کانفرنس میں بتایا کہ گزشتہ دنوں کٹی تھانہ حلقہ میں ٹرک چوری کا واقعہ ہوا۔ اس کو لے کر کٹی تھانہ میں کیس نمبر 297/24 درج کیا گیا۔ اس کے بعد کٹی تھانہ انچارج کی قیادت میں خصوصی ٹیم تیار کر معاملے کی جانچ شروع کی گئی۔ موتیہاری ضلع کے پپرا تھانہ حلقہ میں مہیش پرساد سے پوچھ گچھ کے بعد چھاپہ ماری کی گئی۔ یہ کباڑی کا کام کرتا تھا۔ اس کے کارخانے کی تلاشی لی گئی۔ موقع سے چوری ہوا جھارکھنڈ کا ٹرک برآمد ہوا۔ اس کے بعد پولیس کے ذریعہ اس سے پوچھ گچھ کی گئی۔ اس نے بتایا کہ اس پورے چوری کے واقعہ میں کئی لوگ شامل تھے۔ اسی کے تھانہ حلقہ چکیا، ترکلیا علاقے کے لڑکے تھے۔ ان لڑکوں نے تقریباً 2.75 لاکھ روپے میں چوری کی گئی ٹرک کو خریدنے کی بات کہی۔ ٹرک چوری کرنے میں ششی رائے، کنچن پانڈے اور راجیش ہیں۔ ان لوگوں نے ٹرک چوری کی۔ اس ٹرک کو مہیش کے ذریعہ 2.75 ہزار میں خریدا گیا۔ ان سب نے مل کر روپے کئے۔ تاکہ اس وقت روپے دے دیا جائے۔ اس طرح پورے واقعہ میں 6 جرائم پیشوں کو گرفتار کیا ہے۔ ٹرک اور موبائل فون برآمد کیا گیا۔

اس سے قبل شمالی بہار کے مختلف اضلاع سے 300 سے زائد ٹرک لیز پر لے کر اسے غائب کرنے کے ملزم ستندر سنگھ کو صدر پولیس نے چھتیس گڑھ سے ریمانڈ پر لے کر جمعرات کو مظفرپور پہنچی۔ وہیں پولیس اسے عدالت لے گئی، جہاں کاغذی کارروائی کے بعد پوچھ گچھ کیلئے اسے لے جایا گیا۔ واضح ہو کہ مظفرپور پولیس کو گزشتہ دو سالوں سے ستندر سنگھ کی تلاش تھی۔ ملزم کے ذریعہ بہار کے مظفرپور سمیت دیگر اضلاع سے تقریباً 300 ٹرک لیز پر لے کر چھتیس گڑھ میں فروخت کئے جانے کا دو سال قبل کا معاملہ سامنے آنے کے بعد پولیس ستندر سنگھ کی گرفتاری کیلئے چھاپہ ماری کر رہی تھی۔ وہیں پورے دو سال بعد ملزم کو گرفتار کر مظفرپور لانے میں پولیس کو کامیابی ملی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ستندر سنگھ بنیادی طور سے صدر تھانہ حلقہ کے بھگوان پور یادونگر کا رہنے والا ہے۔ 2022 میں صدر تھانہ میں ٹرک لیز پر لے کر غائب کرنے کو لے کر 55 سے زائد ایف آئی آر درج کی گئی تھی۔ پولیس نے جب اس معاملے کی تفتیش کی تو اسے پورے معاملے کا ماسٹر مائنڈ صدر تھانہ کے بھگوان پور باشندہ ستندر سنگھ ہی نکلا۔ سٹی ایس پی اودھیش دکشت نے ستندر سنگھ کو ریمانڈ پر لانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع پولیس کی ٹیم ستندر سنگھ کو چھتیس گڑھ سے ٹرانزٹ ریمانڈ پر لے کر مظفرپور آئی ہے۔ اب پولیس ملزم سے لیز پر لے کر اسے کے ذریعہ فروخت کئے گئے ٹرکوں کے سلسلے میں پوچھ گچھ کرے گی۔ سٹی ایس پی نے بتایا کہ ٹرک غائب کرنے کے معاملے میں دوسرا اہم ملزم پٹنہ کے پھلواری ایسٹ لوہانی پور پرتھوی راج پتھ باشندہ ناگیندر کمار سنہا کو پہلے ریمانڈ پر لے کر پوچھ گچھ کی جا چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس صدر تھانہ میں درج دو درجن سے زائد ٹرک غائب کرنے سے متعلق درج معاملے میں ناگیندر کے خلاف عدالت میں چارج شیٹ داخل کر چکی ہے۔ پولیس کی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ ستندر اور ناگیندر دونوں شاطروں نے بہار کے علاوہ یو پی، جھارکھنڈ اور چھتیس گڑھ کے 300 سے زائد لوگوں کا ٹرک لیز پر لے کر غائب کر انجن اور چچس نمبر ٹمپرنگ کر کے فروخت کر دیا تھا۔

مشتعل لوگوں نے ہریہر پور مغربی پنچایت کی مکھیا کا پتلا نذر آتش کیا

ایک سڑک کی تعمیر کرائی تھی بقیہ کام پروسیس میں ہے، جلد ادھورے کاموں کی تکمیل ہوگی: محمد نتھونی

دربھنگہ (محمدفردوس/ایس این بی)

سنگھوارہ بلاک حلقہ کے ہریہر پور مغربی پنچایت کی مکھیا کا پتلا مقامی لوگوں نے نذر آتش کران کے خلاف زبردست غم وغصہ کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق وارڈ نمبر 16 میں سرکاری اسکیموں میں لاپرواہی اور بے ضابطگی سے ناراض مقامی لوگوں نے پنچایت کی مکھیا زرینہ خاتون کا پتلا نذر آتش کیا۔ مقامی لوگوں کا الزام ہے کہ سات نشچئے منصوبہ سے لگے نل جل اسکیم میں بھی بے ضابطگی کی گئی ہے کئی نل پوسٹ ایسے ہیں جہاں ابھی تک پانی نہیں پہنچا ہے۔ نالہ کی تعمیر نہیں ہونے سے پانی سڑک پر جمع رہتا ہے جس سے پیدل چلنے والوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مقامی لوگوں کا الزام ہے کہ نل جل اسکیم میں کہیں نل غائب ہے تو کہیں چبوترا ندارد ہے۔ لیکن کاغذی خانہ پوری میں کام مکمل دکھایا گیا ہے۔ کئی جگہوں پر خراب پائپوں کی وجہ سے پانی یونہی ضائع ہوتا ہے لیکن ابھی تک اس کی مرمت کا کام نہیں ہوا۔ مقامی لوگوں میں محمد دلشاد، محمد افضل اور عبدالجبار وغیرہ نے اس بابت سنگھوارہ بی ڈی او سے بھی تحریری شکایت کر اس معاملے کی تفتیش کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ نل جل اسکیم کے تحت لگے نل سے کتنے گھروں تک پانی پہنچا اور ٹوٹے ہوئے نلوں کی تعداد کتنی ہے، اور فی الوقت کنکشن کی تعداد کی بنیاد پر وارڈ میں پانی کہاں پہنچ رہا ہے یہ تحقیقات کا معاملہ ہے۔ دکاندار ناصر شاہ، محمد پھول بابو اور محمد ساجد وغیرہ نے بتایا کہ آزاد چوک بہوارہ میں ابھی تک ایک بھی سولر یا اسٹریٹ لائٹ نہیں لگائی گئی ہے۔ سولر لائٹس نہ ہونے سے دکانداروں اور مقامی لوگوں کو پریشانیوں کا سامنا ہے۔ میر محمد شاہنواز، محمد ناصر، محمد ذاکر وغیرہ کا کہنا ہے کہ ابھی تک وارڈ نمبر 16 میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کا کام شروع نہیں ہوا۔ آر ٹی پی ایس کاؤنٹر کے باقاعدگی سے کام نہ کرنے کی وجہ سے پنچایت کے لوگوں کو ذات سر ٹیفکیٹ، رہائشی سر ٹیفکیٹ، اور انکم سر ٹیفکیٹ وغیرہ بنوانے میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گاؤں والوں میں نعمت آرا، محمد ہیرا، محمد ذاکر وغیرہ نے بتایا کہ وارڈ میں نالے کی تعمیر نہ ہونے کی وجہ سے گاؤں والے پانی سڑک پر پھینک رہے ہیں۔ حکومت کے سات نشچئے منصوبوں میں سے ایک بھی پورا نہیں ہوا۔ نالی کی تعمیر بہت ضروری ہے۔ سبودھ پاسوان، محمد فیضی، محمد امجد وغیرہ نے بھی کئی طرح کے الزامات عائد کئے۔ مذکورہ لگائے تمام الزامات پر جب مکھیا زرینہ خاتون کے نمائندہ محمد نتھونی سے فون پر رابطہ کر کے ان سے بات کی گئی تو انہوں نے اس پورے معاملے میں صفائی دیتے ہوئے کہا کہ جس وارڈ کے لوگوں نے ناراضگی ظاہر کی ہے اس سے قبل بھی ان لوگوں کے مطالبات کو سن کر اسے قبول کیا تھا اور ایک سڑک کی تعمیر کرائی تھی بقیہ کام پروسیس میں ہے۔ جلد ہی ادھورے کاموں کی تکمیل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی اسکیم میں روپے کی کمی ہے جیسے ہی روپیہ آتا ہے تو سب کام شروع ہوگا۔

کانگریس نے راہل گاندھی کی سالگرہ کیک کاٹ کر منایا

ملک بھر میں ہزاروں کلومیٹر کا سفر کر کے راہل جی نے ملک کی عوام کا دل جیت لیا: مدن موہن جھا

دربھنگہ (ایس این بی)

کانگریس کے سابق قومی صدر اور رائے بریلی سے نومنتخب رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی کی 54 ویں سالگرہ کے موقع پر گزشتہ روز ضلع کانگریس دفتر میں کیک کاٹ کر جشن منایا گیا۔ اس موقع پر کانگریس کے سابق ریاستی صدر اور قانون ساز کونسل میں کانگریس پارٹی کے لیڈر ڈاکٹر مدن موہن جھا جو مہمان خصوصی کے طور پر پہنچے، نے کیک کاٹا اور راہول گاندھی کی لمبی عمر کیلئے دعائیں کیں۔ اس موقع پر انہوں نے راہول گاندھی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان بھر میں ہزاروں کلومیٹر کا سفر کر کے انہوں نے ملک کے لوگوں کا دل جیت لیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم مودی کی مقبولیت میں کمی آنے لگی ہے۔ اس تقریب کی صدارت ضلع کانگریس صدر سیتارام چودھری نے کی۔ اس موقع پر سابق میئر اجے کمار جالان، ریاستی نمائندہ پنڈت رام نارائن جھا، ضلع میڈیا انچارج محمد اسلم، ریاستی نمائندہ ریاض علی خان، منوج جھا، دیانند پاسوان، رتی کانت جھا، پروفیسر اودے شنکر مشرا، ارون جھا، گنیش چودھری، پرمانند جھا، مسز پونم جھا، دنیش گنگنانی، سشیل کمار سنگھ، ادیت نارائن چودھری، دھننجے سنگھ، پروفیسر شیو نارائن پاسوان، کملا کانت چودھری، محمد چاند، انصار حسن، نارائن پاسوان، وشال مہتو، منورنجن جھا، پربھاکر مشرا، پروفیسر متھلیش یادو، پنکج چودھری، نوین جھا، نارائن یادو اور دلیپ مہتو وغیرہ موجود تھے۔ وہیں دوسری جانب راہل گاندھی کی یوم پیدائش پر کانگریس کے سینئر لیڈر پروفیسر محمد زاہد رضا نے بیان جاری کر کے راہول گاندھی کی طویل عمر کیلئے دعائیں کی ہیں اور راہل گاندھی کے بھارت جوڑو یاترا و ملک میں انڈیا اتحاد کی بہتر کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے راہل گاندھی کو ملک کا اگلا وزیر اعظم قرار دیا۔

مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس میں سیلاب سے بچاؤ پر غور

دربھنگہ (ایس این بی) ممکنہ سیلاب کے پیش نظر سنگھوارہ بلاک مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ جمعرات کو بلاک ہیڈ کوارٹر میں پرمکھ پشپا جھا کی صدارت میں ہوئی۔ جس میں سیلاب سے بچاؤ پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ میٹنگ میں سی او نیہا کماری، بی ڈی او امریندر پنڈت، بی سی او روی کماری، بی ایس او ونود کمار، ہیلتھ منیجر شہریار فاروقی، مختلف پنچایتوں کے عوامی نمائندوں اور سیاسی پارٹیوں کے سربراہوں نے سیلاب کے مسئلہ اور اس سے بچاؤ کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اجلاس میں خشک جگہوں اور بیت الخلاء□، کمیونٹی کچن، بوٹ آپریشن، بجلی کے مسائل اور صحت کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی او نے کشتی کے حوالے سے معلومات دیں۔ سی او نے کہا کہ 62 ہزار سے زیادہ لوگوں کی استفادہ کی فہرست کو اپ ڈیٹ کیا جا رہا ہے، سی پی ایم لیڈر انیل مہاراج نے سیلاب سے پہلے خستہ حال اور تباہ شدہ زمینداری ڈیم کا معائنہ کرنے اور اس کی مرمت کرنے کی تجویز پیش کی۔ آر جے ڈی بلاک صدر وصی احمد باسط نے کہا کہ پنچایت ہر سال سیلاب سے متاثر ہوتا ہے۔ اس کی فہرست بنانے کے بعد کشتی وغیرہ کا انتظام کیا جائے۔ اس موقع پر چیف کونسلر پریم بھگت، مکھیا کمار کسلئے، بی جے پی منڈل صدر شیو شنکر ساہ وغیرہ موجود تھے۔

سنیتا دیوی کڈنی معاملہ کے ملزم پون کو 7 سال کی سزا

مظفرپور (ایس این بی) مشہور سنیتا دیوی کڈنی کیس معاملے میں مظفرپور کی ایک عدالت نے قصوروار کلینک مالک پون کو 7 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ ساتھ ہی ملزم کلینک مالک پر 18 ہزار روپے مالی جرمانہ بھی لگایا گیا ہے۔ واضح ہو کہ بریار پور تھانہ حلقہ واقع ایک فرضی نرسنگ ہوم میں گزشتہ سال اپنے حمل کا آپریشن کرانے پہنچی سنیتا دیوی کا آپریشن کے دوران دونوں کڈنی کاٹ کر ہٹا دیا گیا تھا۔ وہیں کڈنی کیس کی شکار ہوئی سنیتا دیوی کئی مہینوں سے زندگی اور موت کے درمیان کشمکش میں مبتلا ہے۔ حالانکہ اس دوران بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار جب مظفرپور پہنچے تھے تو انہوں نے ایس کے ایم سی ایچ جا کر کڈنی کیس کی شکار ہوئی سنیتا سے ملاقات کی تھی اور اسے مالی مدد بھی مہیا کرایا تھا۔ وہیں اس پورے واقعہ کے بعد مظفرپور پولیس نے معاملے کے ملزم کلینک مالک ڈاکٹر پون کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا تھا۔ وہیں اب ایڈیشنل ضلع اور سیشن جج اجے کمار مل کی خصوصی عدالت نے سنیتا دیوی کڈنی کیس معاملے میں کلینک مالک کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سات سال قید اور 18 ہزار روپے کا مالی جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ ادھر ملزم کو سزا ملنے کے بعد سنیتا کے گھر والوں نے راحت کی سانس لی ہے۔ اس درمیان ایک بار پھر اپنی دونوں کڈنی گنوا چکی سنیتا کی طبیعت خراب ہوگئی ہے۔ واضح ہو کہ سنیتا کئی ماہ سے مقامی ایس کے ایم سی ایچ میں زیر علاج ہے اور ڈاکٹر لگاتار اس پر نگرانی بنائے ہوئے ہیں۔

انڈین ریڈ کراس سوسائٹی کے تعاون سے خون عطیہ کیمپ

دربھنگہ (ایس این بی)

خون کے عظیم عطیہ کی کہاوت کو پورا کرتے ہوئے ضلع انتظامیہ کی طرف سے انڈین ریڈ کراس سوسائٹی دربھنگہ کے تعاون سے گزشتہ روز کلکٹریٹ میں واقع بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر آڈیٹوریم میں ایک رضاکارانہ خون عطیہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ سب ڈویژنل آفیسر صدر وکاس کمار نے نہ صرف چراغ روشن کر کیمپ کا افتتاح کیا بلکہ انہوں نے کیمپ میں پہلا خون بھی عطیہ کیا۔ ان کے خون کے عطیہ کے بعد ایسا لگتا تھا جیسے خون دینے والوں کی قطار لگ گئی ہو۔ انہوں نے تمام خون عطیہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ خون عطیہ کرنے سے بڑا کوئی عطیہ نہیں ہوسکتا کیونکہ اس میں ہم ایک خون کے عطیہ سے تین افراد کی جانیں بچا سکتے ہیں اور ساتھ ہی خون دینے والے مختلف خطرناک بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ دل کی بیماری اور ہائی بلڈ پریشر جیسی سنگین بیماریوں سے محفوظ رہنے کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ خون کا عطیہ کرنے والوں میں ریڈ کراس کے سرپرست رکن نیرج کمار کھیڑیا، ایڈوکیٹ آتما پرکاش صراف، لینڈ ریفارمز ڈپٹی کلکٹر سنجیت کمار، ڈسٹرکٹ آرٹ اینڈ کلچر آفیسر چندن کمار کے ساتھ رام کمار یادو، ڈاکٹر اقبال حسن ریشو، منوج کمار، محمد ارشاد، سمیت کمار ورنوال، پرماتما پاسوان، روی کمار چودھری، مہیش کمار یادو، پرنس کمار، شیام کمار جھا، جتیندر کمار سنگھ، کنال کمار سنگھ، نین رنجن، راجیش کمار، سنجیو کمار، چھوٹو کمار، امیت رنجن، دلیپ کمار سمیت مجموعی طور پر 25 افراد نے خون کا عطیہ کیا۔ ریڈ کراس دربھنگہ کے وائس چیئرمین ڈاکٹر بی بی شاہی، ریاستی ایگزیکٹو ممبر ڈاکٹر رام بابو کھیتان، سوامی وویکانند کینسر ہسپتال کے چیئرمین ڈاکٹر شمشش عالم وغیرہ نے خون عطیہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی۔ جمع کیا گیا خون مقامی سوامی وویکانند کینسر اسپتال میں واقع ڈاکٹر ہیڈگیوار بلڈ سنٹر نے جمع کیا۔ بلڈ بینک کی ٹیم میں ڈاکٹر کرشن کمار جھا اور تکنیکی ماہرین کاشی داس، ابھیشیک پانڈے اور لکشمن کمار شامل تھے۔

پورے پروگرام کی نظامت ریڈ کراس دربھنگہ کے سکریٹری منموہن سراوگی نے کی۔ انہوں نے بتایا کہ کوئی بھی صحت مند شخص 90 دن کے بعد دوبارہ خون کا عطیہ دے سکتا ہے۔ جس کی وجہ سے کوئی جسمانی یا ذہنی کمزوری نہیں ہوتی اس طرح ہر صحت مند شخص سال میں کم از کم چار مرتبہ خون کا عطیہ کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس اور تھائرائیڈ کے امراض میں مبتلا افراد بھی ڈاکٹر کی صلاح کے مطابق خون کا عطیہ دے سکتے ہیں۔

نیٹ امتحان میں بدعنوانی کے خلاف عام آدمی پارٹی کا مظاہرہ

سمستی پور (ایس این بی) عام آدمی پارٹی سمستی پور کے بینر تلے نیٹ امتحان میں ہوئی دھاندلی پیپر لیک کے خلاف مظاہرہ کیا گیا۔ اس کے تحت عام آدمی پارٹی کے کارکنان نے جلوس نکالا جو سمستی پور کے مختلف چوک چوراہوں کاشی پور چوک، کچہری روڈ، پٹیل میدان گولمبر، کلکٹریٹ ہوتے ہوئے امبیڈکر چوک پر جا کر جلسہ میں تبدیل ہوگیا۔ جہاں کارکنان نے مرکزی حکومت کے خلاف جم کر نعرے بازی کی۔

NEET EXAM
घोटाला
मोदी सरकार
जवाब दो
आम आदमी पार्टी, समस्तीपुर

اس موقع پر جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے زونل انچارج کیشو کشور پرساد نے کہا کہ نیٹ جیسے مقابلہ جاتی امتحان میں بدعنوانی اور لاپرواہی بے افسوسناک ہے یہ قطعی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کوئی فرضی واڑا کے تحت ڈاکٹر بنے گا تو وہ سماج کیلئے کتنا خطرناک ہوگا یہ سوچنے سے صرف رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور اس کیلئے جواب دہ مرکزی حکومت معاملے کی لیپا پوتی میں لگی ہے۔ سپریم کورٹ کے تبصرہ کے باوجود حکومت خاموش ہے اور کوئی ٹھوس کارروائی نہیں کر رہی ہے یہ افسوسناک ہے۔ ہم احتجاجی مظاہرہ کے ذریعہ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ امتحان کو رد کرتے ہوئے دوبارہ امتحان لیا جائے اور آزادانہ ادارہ کے ذریعہ جانچ کرا کر قصورواروں کو سزا دی جائے۔ سمستی پور ضلع انچارج ایڈوکیٹ آلوک کمار سنگھ نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیٹ امتحان میں دھاندلی کو معمولی طور پر نہیں لینا چاہئے یہ ایک گھپلہ ہی ہے جس سے اربوں روپے کی وصولی کی جاتی ہے۔ اگر منصفانہ جانچ ہو تو برسر اقتدار حکومت کے بڑے بڑے وزرا اور لیڈران نہیں بچ سکتے۔ اتنا بڑا قدم اٹھانا عام نوکرشاہ کی بس کی بات نہیں ہے جب تک کہ برسر اقتدار سفید پوش کا ہاتھ نہ ہو۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ نیٹ امتحان کو پوری طرح رد کر دوبارہ امتحان لیا جائے اور جب تک آزادانہ ادارے کے ذریعہ پیپر لیک کی جانچ نہیں ہوتی ہم لوگوں کا مختلف ذرائع سے مظاہرہ جاری رہے گا۔ اس موقع پر درجنوں کارکنان موجود تھے۔ ضلع کے سینئر وکیل مراری پرساد دیو، رینو پورے، منوج کمار، پرشون کمار، منجیت سنگھ، امن کمار، پربھات سنگھ وغیرہ موجود تھے۔

نوکری دلانے کے نام پر ٹھگی معاملے کا انکشاف

دربھنگہ (ایس این بی) تھانہ میں نوکری دلانے کے نام پر ٹھگی کے معاملے کو لے کر جمعرات کو مدھوبنی ضلع کے پنڈول گاؤں باشندہ رضا علی نے تحریری درخواست دی ہے۔ جس میں انہوں نے بتایا کہ میرے بیٹے محمد ندیم رضا ایک بے روزگار نوجوان ہے۔ تھانہ حلقہ کے بہادر پور گاؤں باشندہ سشیل سہنی کے بیٹے جتندر کمار سہنی نے میرے بیٹے محمد ندیم رضا کو بہار شمالی گرامین بینک میں نوکری دلانے کے نام پر رابطہ کیا۔ جس کے بعد میرے بیٹے اس شخص پر اعتماد کر لیا۔ میرے بیٹے سے بینک میں نوکری دلانے کے نام پر ایک لاکھ روپے کی ڈیمانڈ کیا۔ میرے بیٹے کے ذریعہ وشواش کر مجھے بتایا تو میں نے اپنے موبائل نمبر 9471164812‌6 سے جتندر کمار کے موبائل نمبر پر پے فون آن لائن کے ذریعہ سے تین قسطوں میں 55 ہزار روپے اور کیش کے ذریعہ سے 45 ہزار روپے کل ملا کر ایک لاکھ روپے دیا گیا۔ جس کے بعد جتندر کمار سے فون پر ٹال مٹول کر رہا تھا۔ جب مجھے تجربہ ہوا کہ میرے بیٹے کو نوکری دلانے کے نام پر ٹھگی کا شکار بنایا گیا ہے تو میرے ذریعہ بہادر پور تھانہ میں تحریری درخواست دی گئی ہے۔ دوسری جانب جمعرات کو تقریباً 12 بجے عرضی گزار رضا علی نے نوکری کے نام پر ٹھگی کرنے والے نوجوان سشیل سہنی ولد جتندر کمار سہنی کو رقم واپسی کیلئے تھانہ پر لایا گیا۔ نوجوان کے ذریعہ آر بی انٹر پرائزیز گڑگاؤں ہریانہ کے ذریعہ سے بہار اتر گرامین بینک میں کے وائی سی کرنے کیلئے تقریباً 15 لڑکوں کو 15 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دینے کو لے کر نوکری دی گئی ہے۔ تقریباً چار ضلع دربھنگہ، مدھوبنی، مظفرپور، حاجی پور کے بے روزگار نوجوانوں کو 20 سے 25 ہزار لے کر گرامین بینک میں ڈاٹا انٹری آپریٹر کی نوکری دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ان نوجوانوں کے ذریعہ تقریباً نصف درجن سے اوپر کے اضلاع کے بے روزگار نوجوانوں کو ٹھگی کا شکار بنایا گیا ہے جس میں دربھنگہ، مدھوبنی، پورنیہ، حاجی پور، سہرسہ، موتیہاری اور دیگر اضلاع شامل ہیں۔ وہیں اس معاملے میں بہادر پور تھانہ انچارج نیتو کماری نے بتایا کہ معاملہ درج کر کے آگے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔

بہار کے لاکھوں لوگ نوکری روزگار کی مثبت سیاست سے فائدہ اٹھا رہے ہیں

حاجی پور (عبدالواحد/ایس این بی)

راشٹریہ جنتا دل کے ضلع ترجمان رنجیت کمار رائے اور شہواز صدیقی نے مشترکہ پریس بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ آج بہار کے لاکھوں لوگ نوکری روزگار کی مثبت سیاست سے فائدہ اٹھا رہے ہیں جس کی شروعات تیجسوی یادو جی نے کی تھی۔ تیجسوی جی نے صرف 17 ماہ کے عرصے میں پانچ لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کے چہروں پر خوشی لانے کا کام کیا۔ اس عرصے کے دوران تین لاکھ سے زیادہ سرکاری ملازمتیں عمل میں لائی گئیں ضابطہ اخلاق نافذ ہونے کی وجوہات کی وجہ سے یہ کچھ مہینوں سے تعطل کا شکار رہا۔ پارلیمانی انتخابات ختم ہو چکے ہیں نتیش کمار کو چاہئے کہ وہ اب عظیم اتحاد حکومت کے فیصلے کے مطابق زیر عمل تین لاکھ ملازمتوں کے لئے بھرتی کا عمل شروع کریں اور تمام محکموں کی خالی آسامیوں پر بھرتی کا عمل شروع کریں۔ یہ تیجسوی یادو جی کی مقبولیت اور ان کی نوکری روزگار کی مثبت سیاست کا دباؤ ہے کہ اب وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے بھی روزگار کے مواقع نتیش کمار اور بی جے پی کے لوگوں کی بات شروع کر دی ہے۔ یہ وہی لوگ ہیں جو اسے ناممکن قرار دے رہے تھے۔ تیجسوی یادو کی لاکھوں نوکریوں کی بات کو ناممکن بتاتے ہوئے نتیش کمار اور لیڈران ریاستی محکموں میں نوکریوں کی بات کر رہے ہیں، جس کا روڈ میپ تیجسوی یادو جی نے تیار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی قیادت والی حکومت میں دیگر اہداف کو حاصل کرنے میں پسینے چھوٹ رہے ہیں۔ غور طلب ہے کہ تیجسوی یادو جی نے صرف پانچ لاکھ ملازمتیں فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ انہوں نے ٹوریزم پالیسی آئی ٹی پالیسی اسپورٹ پالیسی کو نافذ کرنے میں اہم رول ادا کیا ہے تیجسوی جی کی مثبت سیاست سے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ لاکھوں نوجوان اور خواتین جنہیں نوکریاں ملی ہیں اور ملیں گی۔ ہماری مثبت، ترقی پسند اور مبنی سیاست ان پر زندگی بھر اثر کرتی رہے گی۔

انتہائی پسماندہ طبقے کے طلبا کو ہر ماہ 1000 روپے کی ہاسٹل گرانٹ کی سہولت

محکمہ فلاح کی جانب سے ایس سی/ ایس ٹی، قبائل اور پسماندہ کیلئے مختلف فلاحی منصوبوں کا نفاذ

حاجی پور (ایس این بی)

محکمہ فلاح حکومت بہار ویشالی ضلع میں درج فہرست ذات، قبائل، پسماندہ اور انتہائی پسماندہ طبقے کے لیے بہت سی فلاحی اسکیمیں چلا رہی ہے۔ دیگر پسماندہ طبقے کا ہاسٹل ویشالی ضلع کے تحت دیو چند کالج کے احاطے میں چلایا جاتا ہے۔ اس میں 100 طلباء کے لیے رہائش کی سہولت موجود ہے۔ اس کے علاوہ، جننا ئک کرپوری ٹھاکر انتہائی پسماندہ طبقے کا فلاحی ہاسٹل اکشے وات مہاودیالیہ، مہوا کیمپس میں چلایا جاتا ہے۔ اس میں 100 طلباء کے لیے رہائش کی سہولت بھی ہے۔ وزیر اعلیٰ پسماندہ اور انتہائی پسماندہ طبقے کے ہاسٹل گرانٹ اور فوڈ گران اسکیم کے تحت، پسماندہ طبقے اور ہاسٹلوں میں پڑھنے والے انتہائی پسماندہ طبقے کے طلباء اور ہاسٹل میں رہنے والے طلباء کو ہر ماہ 1000 روپے کی ہاسٹل گرانٹ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ فی مہینہ 9 روپے کلو چاول اور 6 کلو گندم فراہم کی جاتی ہے۔

ضلع بہبود افسر ویشالی نے کہا کہ سماجی بیداری مہم کے تحت بہار مہادلت ڈیولپمنٹ مشن کے ذریعہ ہر پنچایت وارڈ میں وکاس مترا کے ذریعہ تین نوعمر گروپ اور ایک نوعمر گروپ تشکیل دیا گیا ہے۔ وکاس مترا گروپ کے نوعمر ممبران کے ساتھ میٹنگ کر کے صحت، تعلیم، بچوں کی شادی، جہیز کے نظام کے خاتمے اور شراب پر پابندی وغیرہ جیسے مسائل پر تبادلہ خیال کر کے بیداری پیدا کی جاتی ہے۔ UPSC، BPSC اور دیگر مسابقتی امتحانات کی تیاری کے لیے، جمونی لال کالج کیمپس میں پسماندہ طبقے اور انتہائی پسماندہ طبقے کے طلبہ کے لیے ایک پری امتحانی تربیتی مرکز چلایا جا رہا ہے، جس میں 60-60 طلبہ کے دو بیچ چل رہے ہیں۔ ہر بیچ کی تربیت کا دورانیہ 6 ماہ ہے۔ بہار مہادلیت وکاس مشن CIPET، حاجی پور کے ذریعے 18 سال سے زیادہ عمر کے میٹرک یافتہ لڑکوں اور لڑکیوں کو پلاسٹک مولڈنگ اور دیگر پلاسٹک کے کاروبار سے متعلق مفت رہائشی تربیت فراہم کرتا ہے اور CIPET سے تربیت یافتہ امیدواروں کو روزگار کی ضمانت دی جاتی ہے۔ مالی سال 2023-24 میں، تقریباً 60 طلباء□ کو CIPET، حاجی پور نے پلاسٹک کی تجارت سے متعلق رہائشی تربیت دی تھی۔ کمیونٹی بلڈنگ کم ورک شیڈ بہار مہادلت ڈیولپمنٹ مشن کے تحت تعمیر کیا گیا ہے۔ مالی سال 2023-24 کے تحت 9 کمیونٹی عمارتیں تعمیر کی جا رہی ہیں۔ درج فہرست ذات کے خاندانوں سے آنے والی ہونہار طالبات کی تعلیم کے لیے، حاجی پور کے دگھی میں گورنمنٹ امبیڈکر گرلز ریزیڈنشیل پلس ٹو اسکول چلایا جاتا ہے، جس میں وہاں رہنے والی طالبات کو کھانا، کپڑے، ادویات اور نصابی کتابیں مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ مالی سال 2023-24 میں کل 484 طالبات زیر تعلیم ہیں اور مالی سال 2024-25 میں کل 409 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ جب درج فہرست ذاتوں اور قبائل سے تعلق رکھنے والے افراد پر جرائم اور مظالم کا ارتکاب کیا جاتا ہے، تو متاثرین کو ریلیف گرانٹ (معاوضہ)، بحالی کے لیے امدادی رقم اور مظالم کی نوعیت کے مطابق عدالتی مدد فراہم کی جاتی ہے۔ مالی سال 2023-24 میں کل 187 ایف آئی آر درج کی گئیں، جن میں 232 متاثرین اور 35 پنشنرز کو 384.97 لاکھ روپے ادا کیے گئے۔ مالی سال 2024-25 میں مجموعی طور پر 42 ایف آئی آر درج کی گئیں، جن میں پہلی اور دوسری قسط میں 38 لاکھ روپے خرچ کیے گئے۔

الہدی اکیڈمی کمہرولی کے گرلس سیکشن کے ہال میں اعزازیہ تقریب منعقد

اے ایم کے سماج سیوا ٹرسٹ کمہرولی کی جانب سے میٹرک امتحان میں نمایاں نمبرات سے کامیاب 27 طلبا انعامات سے نوازے گئے

A M K SAMAJ SEVA TRUST
Registration No: 1?287/2023 | DARPAN Reg.: BR/2024/0391543
Office Address: Kumhrauli, Kamtaul, Darbhanga, Bihar-847304 Mobile No.: 9952062651 / 7329?9697

جالے (محمد رفیع ساگر/ایس این بی)

مقامی الہدی اکیڈمی کمہرولی گرلس سیکشن کے ہال میں اے ایم کے سماج سیوا ٹرسٹ کمہرولی کی جانب سے یک روزہ طلبا اعزازیہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز مولانا انوار الحق ندوی (امام جامع مسجد کمہرولی) نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ حمد باری تعالیٰ محمد فیضان، عالیہ لائبہ اور نعت رسول صائمہ پروین نے پیش کیا جبکہ راشد انور کی تعلیم اور خود اعتمادی کے موضوع پر مختصر خطاب ہوا۔ ڈاکٹر جاوید اختر نے اے ایم کے سماج سیوا ٹرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ واضح رہے کہ رواں سال میٹرک میں نمایاں نمبرات سے کامیاب طلبہ و طالبات کو مہمانان کے ہاتھوں مڈل اور سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ میٹرک امتحان میں راڑھی مشرقی پنچایت میں ٹاپر آئیں کہکشاں پروین بنت محمد بچن کو عاصم ظفر جیلانی نے مڈل اور سرٹیفکیٹ سے نوازا۔

وہیں تقریب میں غلمان صدیقی برداہا، ایڈوکیٹ شمشاد عالم تھلواڑہ، وجے کمار بھگت سنہہ پور، ماسٹر نصیر الدین اسرا اور شاہد انور بھی اعزاز سے نوازے گئے۔ انعامات کی تقسیم محمد غلمان صدیقی، ایڈوکیٹ شمشاد عالم، وجے کمار بھگت، ماسٹر نیاز احمد نیازی، ماسٹر وکیل النبی، ڈاکٹر نصیر احمد عادل، اشرف الہدی، حفظ الرب، قاضی اشرف الحق، آصف انور، ماسٹر نسیم اختر، محمد آزاد عالم، مسعود الرحمن، مصباح الرحمن اور ڈاکٹر جاوید اختر کے ہاتھوں میٹرک میں اول نمبر لانے والے کل 27 طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کی گئی جن میں پھول کماری بنت جے جے رام، نشا کماری بنت راگھویندر کمار، گوتم کمار بیٹھا ولد وجے بیٹھا، پن پن کمار بیٹھا ولد پھولو بیٹھا، آفرین خاتون بنت محمد ممتاز، عفیفہ شمس بنت شمس الحق، سمیہ نوشاد بنت محمد نوشاد وغیرہ نے انعامات حاصل کئے تو وہیں کوئز مقابلے میں صبیحہ پروین بنت محمد سمیع، نور الصباح، رومان مسعود ابن مسعود الرحمن، محمد یوسف زہان ابن محمد زہان النبی، سعدیہ نازنین بنت وجیہہ النبی، محمد یوسف ابن محمد شکیل وغیرہ انعامات کے مستحق قرار دئے گئے۔ فیض الرب (سکریٹری المجلس کمہرولی سماج سیوا ٹرسٹ) نے اخیر میں ٹرسٹ کے آمد وخرچ کا حساب دیا تو وہیں حاجی شکیل نصر رضوی نے اظہار تشکر ادا کیا۔ حافظ و ہیڈ ماسٹر نصیر الدین کی دعا پر تقریب اختتام پذیر ہوئی۔